

مؤلف:

امام ابو عبداللہ محمد بن سلیمان جزولی رضی اللہ عنہ

بروایت حضرت شیخ الدلائل سید علی حریری مدنی رحمۃ اللہ علیہ

بمطابق نسخہ حضرت مولانا شاہ محمد عبدالحق صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم: حضرت علامہ مفتی محمد اطہر نعیمی اشرفی دامت فیوضہم العالیہ

بروز ہفتہ

اَلْحِزْبُ السَّادِسُ مِنَ الْاَحْزَابِ الثَّامِنُ

آ ٹھ ا حز ا ب میں سے چھٹا حز ب

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے پروردگار! درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ اور ہمارے آقا محمد ﷺ کی مقدس آل پر

وَّاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ

اور عطا فرما انہیں وسیلہ اور فضیلت اور بلند درجہ اور مبعوث فرما (پہنچا) آپکو

مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِالَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۞

مقام محمود پر جس کا تو نے آپ (ﷺ) کے ساتھ وعدہ کیا ہے۔ بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا

اَللّٰهُمَّ عَظِّمْ شَانَهٗ وَبَيِّنْ بُرْهَانَهٗ وَاَبْلِجْ حُجَّتَهٗ وَبَيِّنْ

اے پروردگار! بزرگ بلند کردے آپکی شان کو اور ظاہر کردے آپکی دلیل کو اور روشن کردے آپکی حجت کو اور واضح

فَضِيْلَتَهٗ وَتَقَبَّلْ شَفَاعَتَهٗ فِىْٓ اُمَّتِهٖ وَاسْتَعْمِلْنَا بِسُنَّتِهٖ

کردے آپکی فضیلت کو اور قبول فرما آپ کی شفاعت کو آپ کی امت کے بارے میں اور ہمیں آپ کی سنت پر عمل کی توفیق عطا فرما

يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۞ وَيَا رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ

اے تمام جہانوں کے پروردگار اور عرش عظیم کے مالک اے پروردگار

يَا رَبِّ احْشُرْنَا فِىْ زُمْرَتِهٖ وَتَحْتَ لِوَآئِهٖ وَاسْقِنَا بِكَاْسِهٖ

اے ہمارے رب ہمارا حشر آپکے گروہ میں آپکے جھنڈے کے نیچے فرما اور جام کوثر سے سیراب فرما

وَانْفَعْنَا بِمَحَبَّتِهٖٓ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ

اور آپکی محبت سے سرفراز فرما، قبول فرما اے تمام جہانوں کے مالک اے پروردگار اے ہمارے رب

بَلِّغْهُ عَنَّآ اَفْضَلَ السَّلَامِ وَاجْزِهٖ عَنَّآ اَفْضَلَ مَاجَازَيْتَ بِهٖ النَّبِيَّ

پہنچا آپکو ہماری طرف سے برگزیدہ سلام اور جزا دے آپکو ہماری طرف سے بہترین جزا اس سے بڑھ کر جو تو نے کسی نبی

عَنْ اُمَّتِهٖ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ يَارَبِّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ اَنْ تَغْفِرَلِيْ

کو دی ہے اس کی امت کی طرف سے، اے تمام جہانوں کے مالک۔ اے پروردگار اے ہمارے رب میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے بخش دے

وَتَرْحَمَنِيْ وَتَتُوْبَ عَلَيَّ وَتُعَافِيَنِيْ مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَآءِ وَالْبَلْوَآءِ

اور مجھ پر رحم کر اور رحمت سے مجھ پر توجہ کر (توبہ قبول کر) اور بچالے مجھے تمام مصیبتوں سے اور تمام ان آفتوں سے

الْخَارِجِ مِنَ الْاَرْضِ وَالنَّازِلِ مِنَ السَّمَآءِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

جو زمین سے نکلنے والی ہوں اور آسمان سے اترنے والی ہوں بیشک تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے

بِرَحْمَتِكَ وَاَنْ تَغْفِرَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

اپنی رحمت سے اور یہ کہ بخش دے تمام مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کو اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو

الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْ اَزْوَاجِهٖ الطَّاهِرَاتِ

ان میں جو زندہ ہیں یا وفات پاچکے ہیں اور اے اللہ تعالیٰ راضی ہو آپکی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن سے جو پاک ہیں

اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْ اَصْحَابِهٖ الْاَعْلَامِ اَئِمَّةِ الْهُدٰى

اور تمام مؤمنین کی مائیں ہیں اور اللہ تعالیٰ راضی ہو آپ کے اصحاب رضوان اللہ علیہم سے جو بزرگ ہیں اور ہدایت کے پیشوا ہیں

وَمَصَابِيْحِ الدُّنْيَا وَعَنِ التَّابِعِيْنَ وَتَابِعِ التَّابِعِيْنَ لَهُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰى

اور دنیا کے چراغ ہیں اور سب سے تابعین سے اور جنہوں نے پیروی کی تابعین کی خوبی کے ساتھ

يَوْمِ الدِّيْنِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞

قیامت تک اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

اِبْتِدَآءُ الثُّلُثِ الثَّالِثِ

تیسرے تہائی حصے کی ابتداء

اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْاَرْوَاحِ وَالْاَجْسَادِ الْبَالِيَةِ اَسْاَلُكَ بِطَاعَةِ

اے پروردگار اے روحوں اور بوسیدہ جسموں کے رب میں ان روحوں

الْاَرْوَاحِ الرَّاجِعَةِ اِلٰى اَجْسَادِهَا وَبِطَاعَةِ الْاَجْسَادِ

کے طفیل جو (دوبارہ) جسموں میں داخل ہوں گی تجھ سے سوالی ہوں اور تیری اطاعت کے لئے

الْمُلْتَئِمَةِ بِعُرُوْقِهَا وَبِكَلِمَاتِكَ النَّافِذَةِ فِيْهِمْ وَاَخْذِكَ

جسم سے ملنے والی رگوں کے طفیل تجھ سے سوال کرتا ہوں اور ان رگوں میں جاری ہونے والے تیرے کلمات کے طفیل سوال کرتا ہوں

الْحَقَّ مِنْهُمْ وَالْخَلَآئِقُ بَيْنَ يَدَيْكَ يَنْتَظِرُوْنَ فَصْلَ

اور جب تمام مخلوق تیرے سامنے فیصلے کی منتظر ہوگی جو تیری رحمت کی امید لگائے ہونگے

قَضَآئِكَ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَكَ وَيَخَافُوْنَ عِقَابَكَ اَنْ تَجْعَلَ

اور تیرے عذاب سے خائف ہونگے۔ پروردگار میری تمنا اور آرزو یہ ہے

النُّوْرَ فِيْ بَصَرِيْ وَذِكْرَكَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ عَلٰى لِسَانِيْ وَعَمَلًا

کہ تو میری آنکھوں کو منور (روشن) فرمادے۔ اور شب و روز تیرا ذکر میری زبان پر جاری ہو اور مجھے

صَالِحًا فَارْزُقْنِيْ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا

اچھے کاموں کی توفیق عطافرمادے۔اے پروردگار! درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر

صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جیسے تو نے ہمارے آقا ابراہیم (علیہ السلام) پر رحمتوں کا نزول فرمایا اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ * اَللّٰهُمَّ

محمد (ﷺ) پر جیسے کہ تو نے ہمارے آقا ابراہیم (علیہ السلام) پر برکتیں نازل فرمائیں۔

اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے پروردگار! اپنے درود (رحمتیں) اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ

انکی مقدس آل پر جیسے کہ تو نے ہمارے سردار ابراہیم (علیہ السلام) اور انکی مقدس آل پر

وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَبَارِكْ

نازل فرمائیں تحقیق بیشک تیری ذات لائق ستائش اور بزرگی والی ہے (پروردگار) برکتیں

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

نازل فرما ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر جیسے کہ تو نے ہمارے آقا ابراہیم (علیہ السلام) پر

عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ

اور انکی مقدس آل پر برکتوں کا نزول فرمایا بیشک تیری ذات لائق ستائش

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

اور بزرگی والی ہے اے پروردگار! درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر

وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

جو تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور رحمتیں نازل فرما تمام مؤمن مرد حضرات پر اور مؤمن خواتین پر اور تمام مسلمان مردوں پر

وَالْمُسْلِمَاتِ * اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اور مسلمان خواتین پر اے پروردگار! درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر

اٰلِهٖ عَدَدَ مَآ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَاَحْصَاهُ كِتَابُكَ وَشَهِدَتْ

اور انکی مقدس آل پر ان چیزوں کی تعداد کے مطابق جنکا تیرے علم نے احاطہ فرمایا اور جو کچھ تیری کتاب (لوح محفوظ) میں ثبت (لکھا) ہے

بِهٖ مَلَآئِكَتُكَ صَلٰوةً دَآئِمَةً تَدُوْمُ بِدَوَامِ مُلْكِ اللهِ ●

اور اس تعداد کے مطابق جسکی تیرے فرشتوں نے گواہی دی۔ ایسی دائمی رحمتیں (درود) جو تیرے ہمیشہ رہنے والے ملک کی طرح ہمیشہ ہمیشہ رہیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْعِظَامِ مَا عَلِمْتُ مِنْهَا

اے پروردگار! میں تیرے ان مقدس ناموں کے طفیل دعا کرتا ہوں جو تیرے علم میں ہیں یا جنکا

وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ سَمَّیْتَ بِهَا نَفْسَكَ مَا

مجھے علم نہیں اور ان مقدس ناموں کے طفیل جن پاکیزہ ناموں کے ساتھ تو نے اپنی ذات مقدس کا تعارف کرایا

عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ● اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جو تیرے علم میں ہوں یا میں انسے واقف نہ ہوں (میری دعا یہ ہے) کہ تو درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

عَبْدِكَ وَنَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ

ہمارے آقا محمد ﷺ پر جو تیرے بندے تیرے نبی اور تیرے رسول ہیں اس تعداد میں جن چیزوں کی تخلیق

تَكُوْنَ السَّمَآءُ مَبْنِیَّةً وَّالْاَرْضُ مَدْحِیَّةً وَّالْجِبَالُ مُرْسِیَةً

تو نے فرمائی آسمانوں کے بنانے سے پہلے اور زمین کا فرش بچھانے سے پہلے پہاڑوں کو قائم کرنے

وَّالْعُیُوْنُ مُنْفَجِرَةً وَّالْاَنْهَارُ مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ مُشْرِقَةً

چشموں کو جاری کرنے اور نہروں کو بہانے روشن ہونے والے سورج

وَّالْقَمَرُ مُضِیْٓئًا وَّالْكَوَاكِبُ مُسْتَنِیْرَةً وَّالْبِحَارُ مُجْرِیَةً وَّالْاَشْجَارُ

اور چمکنے والے چاند جگمگ کرنے والے ستاروں اور دریاؤں کی روانی اور پھل دینے والے درختوں

مُثْمِرَةً ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ عِلْمِكَ ۞

کی تعداد کے مطابق (یا اس سے بھی زیادہ) اے پروردگار درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اپنے علم کی تعداد کے مطابق

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ حِلْمِكَ ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

(اے پروردگار) اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اپنے حلم (بردباری) کی تعداد کے برابر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ كَلِمَاتِكَ ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

(اے پروردگار) اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اپنے کلمات کی تعداد کے برابر (یا اس سے زیادہ) (اے پروردگار) اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر

نِعْمَتِكَ ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ فَضْلِكَ ۞

اپنی نعمتوں کے مطابق (اے پروردگار) اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اپنے فضل و کرم کے مطابق

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ جُوْدِكَ ۞ وَصَلِّ عَلٰى

(اے پروردگار) اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اپنے جود و کرم کے مطابق (اے پروردگار)

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ سَمٰوَاتِكَ ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اپنے آسمانوں کی تعداد کے مطابق (اے پروردگار) درود بھیج

مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَرْضِكَ ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

(رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اپنی زمینوں کی تعداد کے مطابق (اے پروردگار) اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

مَا خَلَقْتَ فِيْ سَبْعِ سَمٰوَاتِكَ مِنْ مَّلَآئِكَتِكَ ۞ وَصَلِّ

ہمارے آقا محمد ﷺ پر ساتوں آسمانوں کے فرشتوں کی تعداد کے مطابق (اے پروردگار)

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ فِيْ اَرْضِكَ مِنْ

اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر بشمار ان چیزوں کے جنہیں تو نے خطہ زمین پر

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَغَيْرِهِمَا مِنَ الْوَحْشِ وَالطَّيْرِ وَغَيْرِهِمَا ۞

جنوں، انسانوں اور انکے علاوہ وحشی جانوروں پرندوں اور انکے علاوہ (چیزوں کو) پیدا فرمایا

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ فِىْ

(اے پروردگار) اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر ان چیزوں کی تعداد کے مطابق

عِلْمِ غَيْبِكَ وَمَا يَجْرِىْ بِهٖ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَصَلِّ عَلٰى

تیرے علم غیب نے جن چیزوں کو لکھنے کے لئے قلم چلایا اور قیامت تک رواں رہیگا۔ (اے پروردگار)

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْقَطْرِ وَالْمَطَرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر بارش کے پانی کے قطروں کی تعداد کے مطابق (اے پروردگار) اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ يَّحْمَدُكَ وَيَشْكُرُكَ وَيُهَلِّلُكَ وَيُمَجِّدُكَ

ہمارے آقا محمد ﷺ پر اپنی حمد کرنے والوں، شکر کرنے والوں، کلمہ (توحید) پڑھنے والوں۔ تیری بڑائی

وَيَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

کرنے والوں تیری الوہیت کی گواہی دینے والوں کی تعداد میں (یا اس سے زیادہ)۔ (اے پروردگار) اور درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

صَلَّيْتَ عَلَيْهِ اَنْتَ وَمَلَآئِكَتُكَ ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ہمارے آقا محمد ﷺ پر اتنا ہی (یا اس سے زیادہ) جتنا تو نے اور تیرے فرشتوں نے ان پر درود بھیجا۔ (اے پروردگار)

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰى

ہمارے آقا محمد ﷺ پر اتنا ہی اور درود بھیج اور رحمتیں نازل فرما۔ اس تعداد میں جتنا کہ تیری مخلوق نے درود پڑھا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ ۞

(اے پروردگار) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور درود بھیج اور رحمتیں نازل فرما ان لوگوں کی تعداد کے مطابق جنہوں نے آپ ﷺ کی بارگاہ میں درود نہیں بھیجا

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْجِبَالِ وَالرِّمَالِ وَالْحَصٰى

(اے پروردگار) ہمارے آقا محمد ﷺ پر پہاڑوں، خاک کے ذروں اور کنکروں کی تعداد کے مطابق اور بھی زیادہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الشَّجَرِ وَاَوْرَاقِهَا وَالْمَدَرِ

(اے پروردگار) ہمارے آقا محمد ﷺ پر درختوں انکے پتوں ڈھیلوں اور انکے وزن کے مطابق درود بھیج

وَاَثْقَالِهَا ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ سَنَةٍ

(اور بھی زیادہ رحمتیں نازل فرما) (اے پروردگار) ہمارے آقا محمد ﷺ پر ہر سال پیدا ہونے والوں

وَّمَا تَخْلُقُ فِيْهَا وَمَا يَمُوْتُ فِيْهَا ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور انتقال کرنے والوں کی تعداد کے مطابق درود بھیج (اور بھی زیادہ رحمتیں نازل فرما) (اے پروردگار) (ابتدائے آفرینش سے) قیامت تک

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا تَخْلُقُ كُلَّ يَوْمٍ وَّمَا يَمُوْتُ فِيْهِ اِلٰى يَوْمِ

روزانہ پیدا ہونے والوں اور مرنے والوں کی تعداد کے مطابق ہمارے آقا محمد ﷺ پر درود بھیج (رحمتیں اور بھی زیادہ نازل فرما)

الْقِيٰمَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ السَّحَابِ

اے پروردگار آسمان میں چلنے والے اور زمین پر برسنے والے بادلوں کی تعداد میں (یا اس سے زیادہ)

الْجَارِيَةِ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَمَا تُمْطِرُ مِنَ الْمِيَاهِ ۞

درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرِّيَاحِ الْمُسَخَّرٰتِ فِيْ

(اے پروردگار) تیرے تابع فرمان وہ ہوائیں جو مشرق و مغرب وسط زمین (عقب میں) اور

مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا وَجَوْفِهَا وَقِبْلَتِهَا ۞

سامنے کی سمت میں چلتی ہیں انکی تعداد کے مطابق (بلکہ اس سے بھی زیادہ) ہمارے آقا محمد ﷺ پر درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ نُجُوْمِ السَّمَآءِ ۞ وَصَلِّ

(اے پروردگار) آسمان کے ستاروں کی تعداد کے مطابق یا اس سے بھی زیادہ ہمارے آقا محمد ﷺ پر درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ فِيْ بِحَارِكَ مِنَ

پروردگار! اتنے درود (اور اتنی رحمتیں) نازل فرما جو سمندر میں پیدا ہونے والی مخلوق کی تعداد کے مطابق (یا اس سے زیادہ) ہوں

الْحِيْتَانِ وَالدَّوَآبِّ وَالْمِيَاهِ وَالرِّمَالِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ ۞

مچھلیاں سمندری چوپائے پانی کے ذرے اور انکے علاوہ مخلوق کے مطابق ہمارے آقا محمد ﷺ پر

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ النَّبَاتِ وَالْحَصٰى ۞

(اے پروردگار) ہمارے آقا محمد ﷺ پر سبزیوں اور سنگریزوں کی تعداد کے مطابق درود اس سے بھی زیادہ بھیج (رحمتیں نازل فرما)

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ النَّمْلِ ۞ وَصَلِّ عَلٰى

(اے پروردگار) چیونٹیوں کی تعداد کے مطابق بلکہ اس سے بھی زیادہ ہمارے آقا محمد ﷺ پر درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْمِيَاهِ الْعَذْبَةِ ۞ وَصَلِّ عَلٰى

(اے پروردگار) میٹھے پانیوں کی مقدار کے مطابق ہمارے آقا محمد ﷺ پر درود بھیج (اس سے بھی زیادہ رحمتیں نازل فرما)

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْمِيَاهِ الْمِلْحَةِ ۞ وَصَلِّ عَلٰى

(اے پروردگار) کھارے پانیوں کی مقدار کے مطابق ہمارے آقا محمد ﷺ پر درود بھیج (اس سے بھی زیادہ رحمتیں نازل فرما)

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ نِعْمَتِكَ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ ۞

(اے پروردگار) اپنی مخلوق کو جو نعمتیں تو نے عطا فرمائیں انکی تعداد کے مطابق ہمارے آقا محمد ﷺ پر درود بھیج (اس سے بھی زیادہ رحمتیں نازل فرما)

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ نِقْمَتِكَ وَعَذَابِكَ عَلٰى

(اے پروردگار) ہمارے آقا محمد ﷺ کی ذات اقدس کا انکار کرنے والوں سے تو نے جو انتقام لیا

مَنْ كَفَرَ بِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ● وَصَلِّ

اوران منکروں کو عذاب دیا اتنا درود بھیج (اس سے بھی زیادہ رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر (اے پروردگار)

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا دَامَتِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةُ ●

ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور بھی زیادہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ان لمحات کی تعداد کے مطابق جب تک دنیا اور آخرت باقی ہیں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا دَامَتِ الْخَلَآئِقُ فِى

(اے پروردگار) ہمارے آقا محمد ﷺ اور بھی زیادہ پر درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ان لمحات کی تعداد کے مطابق جب تک جنتی مخلوق

الْجَنَّةِ ● وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا دَامَتِ

جنت میں رہے اور (اے پروردگار) ہمارے آقا محمد ﷺ پر درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ان لمحات کی تعداد کے مطابق

الْخَلَآئِقُ فِى النَّارِ ● وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلٰى

جب تک دوزخی دوزخ میں رہیں (اے پروردگار) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور بھی زیادہ درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

قَدْرِ مَا تُحِبُّهٗ وَتَرْضَاهُ ● وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جتنا تو ان کو محبوب رکھتا اور پسند فرماتا ہے (اے پروردگار) اتنے درود بھیج (اتنی زیادہ رحمتیں نازل فرما)

عَلٰى قَدْرِ مَا يُحِبُّكَ وَيَرْضَاكَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

جتنی محبت وہ تجھ سے فرماتے ہیں اور تجھ کو پسند فرماتے ہیں اور (اے پروردگار) ہمارے آقا محمد ﷺ پر ہمیشہ ہمیشہ

مُحَمَّدٍ اَبَدَ الْاٰبِدِيْنَ وَاَنْزِلْهُ الْمُنْزَلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ

درود بھیجتا رہ (رحمتیں نازل فرماتا رہ) اور انہیں اپنی بارگاہ میں قرب خاص کا مرتبہ عطا فرما

وَاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالشَّفَاعَةَ وَالدَّرَجَةَ

(پروردگار!) انہیں وسیلہ اور فضیلت اور شفاعت اور اعلیٰ مقام

الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا

اور وہ مقام محمود عطا فرما جسکا تو نے انسے وعدہ فرمایا بیشک تو وعدہ خلافی

تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْاَلُكَ بِاَنَّكَ مَالِكِىْ وَ

نہیں فرماتا اے پروردگار! میں تیری بارگاہ میں سوالی (بنکر حاضر) ہوں کیونکہ تو میرا مالک

سَيِّدِىْ وَمَوْلَاىَ وَثِقَتِىْ وَرَجَآئِىْٓ اَسْاَلُكَ بِحُرْمَةِ

میرا آقا میرا مولی (جس پر) میرا اعتماد اور میری امیدوں کا مرکز ہے میری دعا یہ ہے کہ عزت والے

الشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْبَلَدِ الْحَرَامِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَ قَبْرِ

مہینے، قابل محترم شہر (مکہ) اور مقدس مسجد (نبوی) شریف تیرے نبی علیہ السلام کی آرامگاہ (مرقد اقدس)

نَبِيِّكَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنْ تَهَبَ لِىْ مِنَ الْخَيْرِ مَالَا يَعْلَمُ

کے طفیل تو مجھے ان بھلائیوں سے نواز دے جنکا علم تیرے سوا اور

عِلْمَهٗٓ اِلَّآ اَنْتَ وَتَصْرِفَ عَنِّىْ مِنَ السُّوْٓءِ مَالَا يَعْلَمُ

کسی کو نہیں ہے اور ان برائیوں کو مجھ سے (پھیر) دور فرما دے جنکا علم بھی

عِلْمَهٗٓ اِلَّآ اَنْتَ ۞ اَللّٰهُمَّ يَامَنْ وَّهَبَ لِسَيِّدِنَآ اٰدَمَ

تیرے سوا کسی اور کو نہیں اے وہ پروردگار! جس نے ہمارے آقا آدم علیہ السلام کو (فرزند)

سَيِّدَنَا شِيْثَ ۞ وَلِسَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ سَيِّدَنَآ اِسْمٰعِيْلَ

ہمارے آقا شیث علیہ السلام عطا فرمایا اور ہمارے آقا ابراہیم کو سیدنا اسمٰعیل و سیدنا اسحاق علیہم السلام

وَسَيِّدَنَآ اِسْحٰقَ ۞ وَرَدَّ سَيِّدَنَا يُوْسُفَ عَلٰى سَيِّدِنَا

عطا فرمائے اور سیدنا یوسف علیہ السلام کو سیدنا یعقوب علیہ السلام

يَعْقُوْبَ وَيَا مَنْ كَشَفَ الْبَلَآءَ عَنْ سَيِّدِنَا اَيُّوْبَ ۞

کے پاس واپس بھجوایا اور اے وہ پروردگار جس نے سیدنا ایوب علیہ السلام کی آزمائشوں کو ختم فرمایا

وَيَا مَنْ رَدَّ سَيِّدَنَا مُوْسٰى اِلٰى اُمِّهٖ وَيَا زَائِدَ سَيِّدِنَا

اور اے وہ پروردگار جس نے سیدنا موسیٰ علیہ السلام کو انکی والدہ کو واپس لوٹایا اور اے وہ پروردگار کے پاس

الْخَضِرِ فِيْ عِلْمِهٖ وَيَا مَنْ وَّهَبَ لِسَيِّدِنَا دَاوٗدَ

جس نے سیدنا خضر علیہ السلام کے علم میں اضافہ فرمایا۔ اور اے وہ پروردگار جس نے سیدنا داؤد کو

سَيِّدَنَا سُلَيْمَانَ وَلِسَيِّدِنَا زَكَرِيَّآءَ سَيِّدَنَا يَحْيٰى ۞

سیدنا سلیمان اور سیدنا زکریا کو سیدنا یحییٰ علیہم السلام جیسے بیٹے عطا فرمائے

وَلِسَيِّدَتِنَا مَرْيَمَ سَيِّدَنَا عِيْسٰى وَيَا حَافِظَ ابْنَةِ سَيِّدِنَا

اور ہماری محترم سیدہ مریم علیہا السلام کو سیدنا عیسیٰ علیہ السلام جیسا بیٹا عطا فرمایا۔ سیدنا شعیب علیہ السلام کی محترم صاحبزادی کی

شُعَيْبٍ ۞ اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

نگہبانی فرمانے والے پروردگار میں تجھ سے دعا کرتا ہوں کہ ہمارے آقا محمد ﷺ اور تمام انبیاء و مرسلین (ان سب پر)

جَمِيْعِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَيَا مَنْ وَّهَبَ لِسَيِّدِنَا

درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) (اے) وہ پروردگار جس نے ہمارے آقا محمد ﷺ کو

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ الشَّفَاعَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ

منصب شفاعت اور اعلیٰ مقام عطا فرمایا میری تمنا اور دعا یہ ہے

اَنْ تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَتَسْتُرَ لِيْ عُيُوْبِيْ كُلَّهَا وَتُجِيْرَنِيْ

کہ میرے گناہوں کو معاف فرمادے اور میرے تمام عیبوں (کوتاہیوں) کی پردہ پوشی فرما اور مجھے دوزخ (کے عذاب سے)

مِنَ النَّارِ وَتُوْجِبَ لِیْ رِضْوَانَكَ وَاَمَانَكَ وَغُفْرَانَكَ

پناہ دیدے (بچا لے) اور میرے لئے اپنی رضا اپنی امان اور بخشش اور

وَاِحْسَانَكَ وَتُمَتِّعَنِیْ فِیْ جَنَّتِكَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ

اپنے احسان کو لازم (یقینی) فرما دے۔ اور جنت میں مجھے انکی رفاقت نصیب فرما جن پر تو نے اپنا انعام

عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ ●

فرمایا یعنی انبیاء صدیقین شہداء اور اپنے نیکو کار بندوں کے ساتھ (میرا حشر فرمانا)

اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ● وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے اور اللہ تعالٰی کے درود (اسکی رحمتیں) نازل ہوں

وَّعَلٰۤی اٰلِهٖ مَاۤ اَزْعَجَتِ الرِّیَاحُ سَحَابًا رُكَامًا وَّذَاقَ

ہمارے آقا محمد ﷺ اور آپ کی مقدس آل پر جب تک کہ ہوائیں گھنگھور گھٹاؤں کو اٹھاتی رہیں

كُلُّ ذِیْ رُوْحٍ حِمَامًا وَّاَوْصِلِ السَّلَامَ لِاَهْلِ السَّلَامِ

اور ہر جاندار موت کا مزہ چکھے ہمارا سلام جنت میں سلامتی کے مستحق لوگوں کو پہنچا

فِیْ دَارِ السَّلَامِ تَحِیَّةً وَّسَلَامًا ● اَللّٰهُمَّ اَفْرِدْنِیْ لِمَا

تحیت اور سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ اے پروردگار! تو نے مجھے جس کام کے لئے

خَلَقْتَنِیْ لَهٗ وَلَا تَشْغَلْنِیْ بِمَا تَكَفَّلْتَ لِیْ بِهٖ وَلَا تَحْرِمْنِیْ وَاَنَا

پیدا فرمایا اس میں تو مجھے مشغول کردے۔ اور تو مجھے اس کام میں نہ لگا جس کا تو نے ذمہ لیا ہے (فکر معاش) خداوندا! مجھے محروم نہ فرمانا

اَسْاَلُكَ وَلَا تُعَذِّبْنِیْ وَاَنَا اَسْتَغْفِرُكَ ● ثَلٰثًا ●

پروردگار! میں تجھ سے بخشش کا طلبگار ہوں مجھے عذاب میں مبتلا نہ کرنا یہی میری دعا ہے (تین مرتبہ پڑھیں)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ❀ اَللّٰهُمَّ

اے پروردگار! درود و سلام بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپکی مقدس آل پر اے پروردگار!

اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِحَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى عِنْدَكَ

تیری بارگاہ میں سوالی بن کر تجھی سے لو لگا کر تیرے محبوب تیرے نبی کریم رؤف الرحیم ﷺ کا وسیلہ لیکر حاضر ہوا ہوں

يَا حَبِيْبَنَا يَا سَيِّدَنَا مُحَمَّدٍ اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِكَ اِلٰى رَبِّكَ

اے ہمارے محبوب! ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم! آپکے رب کی بارگاہ میں ہم آپکا وسیلہ بنا کر دعا کر رہے ہیں

فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ الْمَوْلَى الْعَظِيْمِ يَا نِعْمَ الرَّسُوْلُ الطَّاهِرُ ❀

اس عظیم المرتبت پروردگار کی بارگاہ میں آپ ہماری شفاعت (سفارش) فرمائیں اے طاہر و مطہر رسول ﷺ (ہماری التجا کو سن لیجئے)

اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيْنَا بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ * ثَلٰثًا ❀

اے پروردگار! تیری بارگاہ میں جو انکا مرتبہ و منزلت ہے اسکے طفیل ہمارے حق میں انکی شفاعت (سفارش) قبول فرما (تین مرتبہ پڑھیں)

وَاجْعَلْنَا مِنْ خَيْرِ الْمُصَلِّيْنَ وَالْمُسَلِّمِيْنَ عَلَيْهِ ❀ وَمِنْ خَيْرِ

پروردگار! تو ہمیں اس ذاتِ اقدس پر بہترین درود و سلام پڑھنے والا بنادے (پروردگار) ہمیں انکی بارگاہ کا

الْمُقَرَّبِيْنَ مِنْهُ وَالْوَارِدِيْنَ عَلَيْهِ وَمِنْ اَخْيَارِ الْمُحِبِّيْنَ

بہترین مقرب انکی بارگاہ میں (مؤدب) حاضری دینے والا ان سے پر خلوص محبت کرنے والا

فِيْهِ وَالْمَحْبُوْبِيْنَ لَدَيْهِ ❀ وَفَرِّحْنَا بِهٖ فِيْ عَرَصَاتِ

اور انکے محبوب (پسندیدہ) لوگوں میں بنادے اور میدان محشر میں (جنت کی بشارت کی) خوشیاں

الْقِيٰمَةِ ❀ وَاجْعَلْهُ لَنَا دَلِيْلًا اِلٰى جَنَّةِ النَّعِيْمِ بِلَا

عطا فرما (پروردگار) انکی ﷺ رہنمائی میں ہمیں جنت میں پہنچانا

مَئُونَةٍ وَّلَا مَشَقَّةٍ وَّلَا مُنَاقَشَةِ الْحِسَابِ وَاجْعَلْهُ

(تاکہ) بغیر محنت و مشقت اور حساب و کتاب کے بے کھٹکے (جنت میں داخل ہوں) (پروردگار) انہیں ہماری طرف

مُقْبِلًا عَلَيْنَا ۞ وَلَا تَجْعَلْهُ غَاضِبًا عَلَيْنَا ۞ وَاغْفِرْ لَنَا

توجہ دینے والا بنا اور انہیں ہم پر غضب کرنے والا نہ بنا (پروردگار) ہماری

وَلِوَالِدَيْنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْمَيِّتِيْنَ

ہمارے والدین تمام مؤمنین و مؤمنات زندوں یا جو فوت ہوئے سبکی مغفرت فرما

وَاٰخِرُ دَعْوَانَآ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ *

اے پروردگار ہماری دعا کا آخر یہ ہے کہ تمام تعریفیں اس اللہ کریم کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے (درجہ کمال تک پہنچانے والا ہے)

اِبْتِدَآءُ الرُّبْعِ الرَّابِعِ

آ خری چو تھا ئی حصے کی ا بتد ا ء

فَأَسْأَلُكَ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا

لہٰذا میں سوالی بنکر (تیری بارگاہ میں) عرض کرتا ہوں اے اللہ۔ اے اللہ۔ اے اللہ اے حی۔ اے قیوم اے

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ

بزرگی اور عزت والے (پروردگار) تیرے سوا کوئی معبود (حقیقی) نہیں تیرے ہی لئے تقدس (پاکی) ہے

كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۞ اَسْاَلُكَ بِمَا حَمَلَ كُرْسِيُّكَ

بیشک میں ہی ظالموں میں سے ہوں (مجھ گنہگار کی بھی سن لے) (پروردگار) میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

مِنْ عَظَمَتِكَ وَجَلَالِكَ وَبَهَآئِكَ وَقُدْرَتِكَ

جس کرسی تیری عظمت، جلال، نور، قدرت، سلطنت کے طفیل، جنکی حامل تیری کرسی ہے،

وَسُلْطَانِكَ وَبِحَقِّ اَسْمَآئِكَ الْمَخْزُوْنَةِ الْمَكْنُوْنَةِ

پروردگار میں تیرے ان مقدس ناموں کا واسطہ دیتا ہوں جو پوشیدہ ہیں

الْمُطَهَّرَةِ الَّتِىْ لَمْ يَطَّلِعْ عَلَيْهَآ اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ

اور ان سے تیری مخلوق میں سے کوئی واقف نہیں

وَبِحَقِّ الْاِسْمِ الَّذِىْ وَضَعْتَهٗ عَلَى الَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَ

اور اس نام اقدس کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں جس کو تو نے رات پر رکھا تو وہ اندھیری ہوگئی

عَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَى السَّمٰوَاتِ فَاسْتَقَلَّتْ

اور دن پر رکھا تو وہ روشن ہوگیا۔ اور آسمانوں پر رکھا تو وہ (بلا ستون) قائم ہوگئے

وَعَلَى الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى الْبِحَارِ فَانْفَجَرَتْ

اور زمین پر رکھا تو وہ ٹھہر گئی اور دریاؤں پر رکھا تو وہ جاری ہوگئے

وَعَلَى الْعُيُوْنِ فَنَبَعَتْ وَعَلَى السَّحَابِ فَاَمْطَرَتْ ۞

چشموں پر رکھا تو وہ ابل پڑے اور بادلوں پر رکھا تو وہ برس پڑے

وَاَسْاَلُكَ بِالْاَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ فِىْ جَبْهَةِ سَيِّدِنَا

اوران مقدس ناموں کے طفیل دعا کرتا ہوں جو ہمارے سردار جبریل امین (علیہ السلام) کی پیشانی پر لکھے ہوئے ہیں

جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ ۞ وَبِالْاَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ فِىْ

اور ان مقدس ناموں کے طفیل جو

جَبْهَةِ سَيِّدِنَا اِسْرَافِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ ۞ وَعَلٰى جَمِيْعِ

ہمارے سردار اسرافیل (علیہ السلام) کی پیشانی پر لکھے ہوئے ہیں اوران مقدس ناموں کے طفیل جو تمام ملائکہ (علیہم السلام)

اَلْمَلَآئِکَةِ وَاَسْاَلُکَ بِالْاَسْمَآءِ الْمَکْتُوْبَةِ حَوْلَ

کی پیشانیوں پر لکھے ہوئے ہیں اوران مقدس ناموں کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں جو عرش (عظیم) کے گرداگرد

الْعَرْشِ وَبِالْاَسْمَآءِ الْمَکْتُوْبَةِ حَوْلَ الْکُرْسِیِّ

لکھے ہوئے ہیں اور ان مقدس ناموں کے طفیل جو کرسی کے گرد لکھے ہوئے ہیں

وَاَسْاَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ

(پروردگار) میں تجھ سے التجا کرتا ہوں تیرے اس مقدس نام (اسم اعظم) کے طفیل

سَمَّیْتَ بِہٖ نَفْسَکَ وَاَسْاَلُکَ بِحَقِّ اَسْمَآئِکَ

جس سے تو نے اپنی ذات کو موسوم فرمایا (اوراے پروردگار) میں تیری بارگاہ میں طلبگار بن کر حاضر ہوں

کُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَسْاَلُکَ

تیرے ان تمام مقدس ناموں کے طفیل جس سے میں واقف ہوں یا نہیں (اے پروردگار)

بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِهَا سَیِّدُنَا اٰدَمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ

میں تجھ سےان مقدس ناموں کے طفیل مانگنے آیا ہوں جن پاکیزہ ناموں کو لیکر ہمارے آقا آدم علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِهَا سَیِّدُنَا نُوْحٌ عَلَیْهِ السَّلَامُ

اوران پاکیزہ ناموں کے طفیل دعا کرتا ہوں جنکو لیکر ہمارے آقا نوح علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِهَا سَیِّدُنَا صَالِحٌ عَلَیْهِ السَّلَامُ

اوران پاکیزہ ناموں کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں جن ناموں کو لیکر ہمارے آقا صالح علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِهَا سَیِّدُنَا یَعْقُوْبُ عَلَیْهِ السَّلَامُ

اوران پاکیزہ ناموں کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں جن ناموں کو لیکر ہمارے آقا یعقوب علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يُوْسُفُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے واسطہ سے دعاکرتاہوں جن کے وسیلہ سے ہمارے آقا یوسف علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يُوْنُسُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے وسیلہ سے دعاکرتا ہوں جن کے وسیلہ سے ہمارے آقا یونس علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے واسطہ سے دعا کرتا ہوں جن ناموں کو لیکر ہمارے آقا موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا هَارُوْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں جنکے واسطہ سے ہمارے آقا ہارون علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا شُعَيْبٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کےذریعے دعا کرتا ہوں جنکے ذریعہ ہمارے آقا شعیب علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے وسیلہ سے دعا کرتا ہوں جن ناموں کو لیکر ہمارے آقا ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا اِسْمٰعِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے واسطہ سے دعا کرتا ہوں جن ناموں کے طفیل ہمارے آقا اسماعیل علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا دَاوٗدُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے طفیل دعا کرتا ہوں جن ناموں کے وسیلہ سے ہمارے آقا داؤد علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا سُلَيْمَانُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے واسطہ سے دعا کرتا ہوں جن کے واسطہ سے ہمارے آقا سلیمان علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا زَكَرِيَّاءُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے طفیل میں بھی تیری بارگاہ میں دعا کرتا ہوں جنکے ساتھ ہمارے آقا زکریا علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يَحْيٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے واسطہ سے میں بھی تیری بارگاہ میں دعا کرتا ہوں جنکے ساتھ ہمارے آقا یحیٰی علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يُوْشَعُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اورتیرے ان مقدس ناموں کو لیکر میں بھی دعا کرتا ہوں جن کو لیکر ہمارے آقا یوشع علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا الْخَضِرُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اورمیں بھی انہیں مقدس ناموں کے واسطے سے دعا کرتا ہوں جنکے واسطے سے ہمارے آقا خضر علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا اِلْيَاسُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اور میں انہیں مقدس ناموں کے وسیلہ سے دعاکرتاہوں جن ناموں کے وسیلہ سے ہمارے آقا الیاس علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا اَلْيَسَعُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اورتیرے مقدس ان ناموں کولیکر میں بھی تجھ سے دعا کرتا ہوں جن ناموں کولیکر ہمارے آقا الیسع علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا ذُوالْكِفْلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اوران مقدس ناموں کے واسطہ سے میں بھی دعا کرتا ہوں جن ناموں کے واسطہ سے ہمارے آقا ذوالکفل علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ

اورمیری دعا بھی ان مقدس ناموں کے وسیلہ سے قبول فرما جنہیں لیکر ہمارے آقا عیسیٰ علیہ السلام نے دعا کی تھی

وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

(اے پروردگار) میری دعاؤں کو ان مقدس ناموں کے طفیل قبولیت عطافرما جن ناموں کولیکر ہمارے آقا ومولی محمد مصطفیٰ ﷺ نے دعائیں فرمائیں

نَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ وَحَبِيْبِكَ وَصَفِيِّكَ يَا مَنْ قَالَ وَقَوْلُهُ

جو تیرے نبی و رسول ہیں تیرے حبیب اور تیرے برگزیدہ ہیں اے وہ ذات جس نے (جو کچھ) فرمایا اور اسکا

الْحَقُّ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ وَلَا يَصْدُرُ عَنْ اَحَدٍ

فرمایا ہوا حق ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اور تمہارے اعمال کو پیدا فرمایا ہے اور کسی بندے سے ایسا کوئی عمل

مِّنْ عَبِيْدِهٖ قَوْلٌ وَّلَا فِعْلٌ وَّلَا حَرَكَةٌ وَّلَا سُكُوْنٌ اِلَّا

کوئی حرکت و سکون ایسا نہیں ہوتا جو اسکے علم اور اسکی

وَقَدْ سَبَقَ فِيْ عِلْمِهٖ وَقَضَآئِهٖ وَقَدْرِهٖ كَيْفَ يَكُوْنُ

قضا و قدر میں پہلے سے متعین نہ ہو کہ یہ کام کس طرح ہوگا (مصنف رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں)

كَمَآ اَلْهَمْتَنِيْ وَقَضَيْتَ لِيْ بِجَمْعِ (بِقِرَآءَةِ) هٰذَا

جیسا کہ تو نے اس کتاب (دلائل الخیرات) کو جمع (پڑھنے کے لئے) میرے دل میں ڈالا (جذبہ پیدا فرمایا)

الْكِتَابِ وَيَسَّرْتَ عَلَيَّ فِيْهِ الطَّرِيْقَ وَالْاَسْبَابَ وَ

اور اس سلسلہ میں طریقے اور اسباب کو میرے لئے آسان فرمایا

نَفَيْتَ عَنْ قَلْبِيْ فِيْ هٰذَا النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ الشَّكَّ

اور میرے دل میں ان نبی کریم ﷺ کی طرف سے تمام شکوک و شبہات کو دور فرما دیا اور میرے دل میں

وَالْاِرْتِيَابَ وَغَلَّبْتَ حُبَّهٗ عِنْدِيْ عَلٰى حُبِّ جَمِيْعِ

اور انکی محبت کو تمام رشتہ داروں اور دوستوں پر غالب فرمادیا

الْاَقْرِبَآءِ وَالْاَحِبَّآءِ اَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ

اے اللہ اے اللہ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

اَنْ تَرْزُقَنِیْ وَکُلَّ مَنْ اَحَبَّهٗ وَ اتَّبَعَهٗ شَفَاعَتَهٗ وَ

کہ مجھے اور ہر اس شخص کو جو آپ سے محبت رکھتا ہو اور آپکی اتباع کرتا ہو ہم سب کو قیامت کے دن آپ ﷺ

مُرَافَقَتَهٗ یَوْمَ الْحِسَابِ مِنْ غَیْرِ مُنَاقَشَةٍ وَّلَا عَذَابٍ

کی شفاعت اور رفاقت سے بہرہ مند فرمانا جو بغیر رنج اور بغیر جھڑکیاں کھائے

وَّلَا تَوْبِیْخٍ وَّلَا عِتَابٍ وَّاَنْ تَغْفِرَ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَتَسْتُرَ

بغیر عتاب کے ہو (پروردگار) میرے گناہوں کو معاف فرما میرے

عُیُوْبِیْ یَا وَهَّابُ یَا غَفَّارُ ۞ وَاَنْ تُنَعِّمَنِیْ بِالنَّظَرِ

عیبوں کو چھپالے اے بخشنے والے اور معاف فرمانے والے (اے پروردگار) تو مجھے اس دن جب تو اجر و ثواب

اِلٰی وَجْهِكَ الْكَرِیْمِ فِیْ جُمْلَةِ الْاَحْبَابِ یَوْمَ الْمَزِیْدِ

میں اضافہ فرمائیگا مجھے اور میرے احباب کو اپنے دیدار سے مشرف فرمانا

وَالثَّوَابِ ۞ وَاَنْ تَتَقَبَّلَ مِنِّیْ عَمَلِیْ وَاَنْ تَعْفُوَ عَمَّا

(اے پروردگار) تو میرے اعمال کو قبول فرما اور میری ان خطاؤں کوتاہیوں

اَحَاطَ عِلْمُكَ بِهٖ مِنْ خَطِیْٓئَتِیْ وَ نِسْیَانِیْ وَزَلَلِیْ وَاَنْ

اور میری (اس) بھول کو جو تیرے علم میں ہے معاف فرما اور

تُبَلِّغَنِیْ مِنْ زِیَارَةِ قَبْرِهٖ وَالتَّسْلِیْمِ عَلَیْهِ وَعَلٰی صَاحِبَیْهِ

مجھے روضہ اقدس کی زیارت انکی بارگاہ میں سلام اور ان کے دونوں ساتھیوں کی بارگاہ میں (خراج عقیدت) اور سلام

غَایَةَ اَمَلِیْ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ یَا رَءُوْفُ

پیش کرنے کی توفیق عطا فرما یہ میری تمنا اور آرزو ہے جس کو تو اپنے فضل و کرم سے پورا فرما اے مہربانی فرمانے والے

يَا رَحِيمُ يَا وَلِيُّ ۞ وَأَنْ تُجَازِيَهُ عَنِّي وَعَنْ كُلِّ

رحم فرمانے والے کارساز اور ان کو میری طرف سے اور ان سبکی طرف سے جو ایمان لائے

مَنْ آمَنَ بِهٖ وَاتَّبَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ

خواتین و مرد مسلمان ان اور

الْأَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْأَمْوَاتِ أَفْضَلَ وَأَتَمَّ وَأَعَمَّ

زندوں یا انکی طرف سے جو انتقال کر گئے وہ افضل مکمل اور ایسی عام جزا جو تو نے

مَا جَازَيْتَ بِهٖ أَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ يَا قَوِيُّ يَا عَزِيزُ

اپنی مخلوق میں سے کسی کو عطا فرمائی ہو اے قوت والے سب پر غالب

يَا عَلِيُّ وَأَسْأَلُكَ اللّٰهُمَّ بِحَقِّ مَا أَقْسَمْتُ بِهٖ عَلَيْكَ

اے سب سے برتر (پروردگار) اے پروردگار! میں تیری بارگاہ میں عرض گزار ہوں ان مقدس ناموں کے طفیل جنکا میں نے وسیلہ

أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پکڑا ہے تو درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ اور انکی مقدس آل پر

عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَكُونَ السَّمَاءُ مَبْنِيَّةً

اس تعداد میں جن چیزوں کو تو نے پیدا فرمایا آسمانوں کو بنانے سے پہلے

وَّالْأَرْضُ مَدْحِيَّةً وَّالْجِبَالُ عُلْوِيَّةً وَّالْعُيُونُ

اور زمین کو بچھانے سے پہلے پہاڑوں کو بلند کرنے چشموں کے جاری

مُنْفَجِرَةً وَّالْبِحَارُ مُسَخَّرَةً وَّالْأَنْهَارُ مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ

کرنے دریاؤں سمندر کو مسخر نہروں کو رواں سورج کو تابانی بخشی ہو

مُضْحِيَةً وَّالْقَمَرَ مُضِيْئًا وَّالنَّجْمَ مُنِيْرًا وَّلَا يَعْلَمُ اَحَدٌ

اور چاند کو منور ستاروں کو جگمگایا اور اس وقت تیرے سوا کوئی تیری

حَيْثُ تَكُوْنُ اِلَّآ اَنْتَ ۞ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ

شان سے واقف نہ تھا (اے پروردگار) اور یہ کہ تو درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

عَدَدَ كَلَامِكَ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ اٰيَاتِ

ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور انکی مقدس آل پر اپنے کلمات کی تعداد میں۔ اے پروردگار درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ پر

الْقُرْاٰنِ وَحُرُوْفِهٖ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ

اور انکی آل پر قرآن کریم کی آیات اور حروف کی تعداد کے مطابق۔ اور اس ذات اقدس (ﷺ) پر انکی آل پر درود پڑھنے والوں کی تعداد کے مطابق

يُّصَلِّيْ عَلَيْهِ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ لَّمْ

اور ان پر درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) درود شریف نہ پڑھنے والوں

يُصَلِّ عَلَيْهِ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ مِلْأَ اَرْضِكَ

کی تعداد کے مطابق اے پروردگار درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) ہمارے آقا محمد ﷺ کی ذات اقدس پر اور آپکی مقدس آل پر زمین کی وسعتوں کے مطابق

وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ فِيْٓ

اے پروردگار درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) آپ ﷺ کی ذات اقدس پر آپکی مقدس آل پر قلم کی اس تحریر کے مطابق

اُمِّ الْكِتَابِ ۞ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ

جو اس نے لوح محفوظ میں لکھی اے پروردگار درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) آپ ﷺ اور آپکی مقدس آل پر

مَا خَلَقْتَ فِيْ سَبْعِ سَمٰوَاتِكَ ۞ وَاَنْ تُصَلِّيَ

اس مخلوق کی تعداد میں جو تونے ساتوں آسمانوں میں تخلیق فرمائی اے پروردگار درود بھیج (رحمتیں نازل فرما)

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَآ اَنْتَ خَالِقُهٗ فِيْهِنَّ

آپ ﷺ اور آپکی مقدس آل پر اس مخلوق کی تعداد میں جنہیں تو

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ

(آسمانوں میں) قیامت تک پیدا فرمائیگا ہر دن میں ہزار بار

وَّاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ قَطْرِ

اے پروردگار درود بھیج (رحمتیں نازل فرما) آپ ﷺ اور آپکی مقدس آل پر بارش کی بوندوں

الْمَطَرِ وَكُلِّ قَطْرَةٍ قَطَرَتْ مِنْ سَمَآئِكَ

کی تعداد میں اور ہر اس بوند کی تعداد کے مطابق جو تیرے آسمان سے تیری زمین پر ٹپکی

اِلٰى اَرْضِكَ مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى

اس دن سے جس دن سے تو نے یہ دنیا بنائی

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ

قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار بار



ہماری دیگر ایپس کو آزمائیں

درود وسلام	الحزب الاعظم	مناجات الفقیر	الحزب الاعظم
قانون مفرد اعضاء Qanoon Mufrad Aza	جادو جنات عملیات Jadu Jinnat Amliyat	Online Quran Teaching	Tibbi Murakibat طبی مرکبات
Inheritance Meeras Calculator میراث کیلکولیٹر	درسِ نظامی	Aftabi Shilajit The Power of Himalayas	Tibbi Mufridat طبی مفردات
حج و عمرہ گائیڈنس	آئین پاکستان	Quranic Grammar	عمرہ
غیر مستند احادیث Zaeef Ahadith			